URDU

## آسٹن پبلک ہیلتھ کی جانب سے چائلڈ کیئر پروگرامز کے لیے وسائل اور معلومات

| | |
|---|---|
| **APH کی جانب سے ای میل اپ ڈیٹس حاصل کریں** | |
| https://bit.ly/3rtS6Cd | APH چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کو COVID-19، صحت عامہ کی دیگر معلومات، اور وسائل کے بارے میں اپ ڈیٹس کے ساتھ وقتاً فوقتاً ای میل بھیجتا رہتا ہے۔ ای میل کی فہرست میں شامل ہونے کے لیے اس مختصر سے فارم کو پُر کریں۔ |
| **COVID-19 سے متعلق وسائل اور معلومات** | |
| https://www.austintexas.gov/covid19 | آسٹن اور ٹریوس کاؤنٹی میں COVID-19 کے بارے میں معلومات حاصل کریں (ویکسینز، ٹیسٹنگ، COVID-19 کمیونٹی لیول، خطرے پر مبنی گائیڈ لائنز وغیرہ)۔ |
| https://www.austintexas.gov/page/child-care-providers | چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کے لیے APH کا COVID-19 ویب صفحہ دیکھیں، جس میں APH کی آپریشنل تجاویز بھی شامل ہیں۔ |
| ChildCareInfo@austintexas.gov | COVID-19 یا صحت عامہ کے دیگر مسائل کے بارے میں چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کے سوالات کے لیے APH کی ای میل |
| 5560-972-512<br>اگر آپ کو انتظار کرنا پڑتا ہے، تو آپ کو واپس کال کرنے کی درخواست کرنے کے لیے<br>ChildCareInfo@austintexas.gov پر ای میل کریں۔ | چائلڈ کیئر فراہم کنندگان APH نرسوں سے COVID-19 سے متعلق رہنمائی حاصل کرنے کے لیے APH کی انفارمیشن ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔ |
| https://bit.ly/3Ek3hF8 | لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر پروگراموں کے لیے لازمی ہے کہ وہ APH کو COVID-19 کے کیسز کی رپورٹ کریں۔ اپنے پروگرام میں COVID-19 کے کیسز کی رپورٹ آن لائن یہاں کریں۔ |
| https://bit.ly/3z3Ahx8 | APH پیڈیاٹرک COVID-19 ویکسین پروموشن ٹول کٹ مختلف زبانوں میں ایسے مواد پر مشتمل ہے جسے آپ اپنے عملے اور فیملیز کو خود کو اور اپنے بچوں کو ویکسین لگوانے کی ترغیب دلانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، بشمول سوشل میڈیا پوسٹس اور تصاویر، اور قابل پرنٹ پوسٹرز اور فلائرز۔ |

URDU

| | |
|---|---|
| چھوٹے بچوں میں ویکسینیشن کی شرح کو بڑھانے میں ہماری مدد کرنے کے لیے ان ٹولز کا استعمال کریں! | |
| APH موبائل COVID-19 ویکسین کلینک کی میزبانی کرنے کے لیے سائن اپ کریں۔ | https://bit.ly/3Eh8qho |
| APH کے COVID-19 ویکسین ایجوکیشن ایونٹ کی میزبانی کرنے کے لیے سائن اپ کریں۔ | https://bit.ly/3yc2kLq |
| اس فارم کو پُر کرکے آسٹن پبلک ہیلتھ سے پی پی ای سامان کی فراہمی کی درخواست کریں۔ اگر آپ کو COVID-19 کے ریپڈ ٹیسٹز کی ضرورت ہے، تو سروے کے سوال نمبر 14# کے اپنے جواب میں اس کی درخواست شامل کریں، اور ہم دیکھیں گے کہ آیا ہمارے پاس ٹیسٹ دستیاب ہیں یا نہیں۔ | https://bit.ly/3rvQQ1g |
| **ایمرجنسی الرٹس** | |
| آفات یا عوامی حفاظت کے واقعات کے دوران مقامی حکام کی جانب سے مرکزی ٹیکساس میں ہنگامی ٹیکسٹ نوٹیفیکیشنز حاصل کرنے کی غرض سے وارن سینٹرل ٹیکساس (Warn Central Texas) کے لیے سائن اپ کریں۔ APH تجویز دیتا ہے کہ آپ اور آپ کا عملہ گھر کے اور کام کے پتوں پر الرٹس حاصل کرنے کے لیے رجسٹر کریں۔ | warncentraltexas.org/alerts |
| **برائِٹ بائی ٹیکسٹ (Bright By Text)** | |
| APH چائلڈ کیئر کے ڈائریکٹرز اور عملے کو برائِٹ بائی ٹیکسٹ (Bright By Text) کے لیے سائن اپ کرنے کی ترغیب دیتا ہے تاکہ وہ پیشرفت کی معلومات، سرگرمی کی تجاویز اور چھوٹے بچوں کی فیملیز کے لیے دستیاب مقامی وسائل اور تقاریب کے بارے میں معلومات پر مبنی ٹیکسٹ پیغامات حاصل کریں۔ جملہ متن انگریزی اور ہسپانوی زبانوں میں دستیاب ہیں اور یہ قبل از پیدائش کی مدت سے لے کر 8 سال کی عمر تک کے لیے تجاویز اور معلومات پر مبنی ہیں۔ براہ کرم اپنے پروگرام کی فیملیز کو بھی سائن اپ کرنے کی ترغیب دلائیں! | https://www.brightbytext.org/Families |